Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۱۲	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۷ شعبان سنہ ۱۳۴۲ھ مطابق ۲۴ مارچ سنہ ۱۹۲۴ء	جلد ۳۶

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
	اضافہ جات چند ملازمین کتب خانہ فراشخانہ کنٹرول خانہ	
	نسبت ترتیب اشتمال تہیکہ دیہات	
	تقرر محمد ممنون خان	
	نقشہ نرخنامہ اجناس	
	اشتہار کتب	

ملخص حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اضافہ جات

۱۳ مارچ سنہ ۱۹۲۴ء

حسب تحریر جناب صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر حسب ذیل اضافہ جات منظور کئے گئے

کتب خانہ: مولوی محمد نبی — محب رسول ورق گردان انگریزی، حبیب الرحمن ورق گردان، اوصل علی جلدساز

فراشخانہ: کلیان سنگھ جمعدار، لچھمن سنگھ جمعدار، عبدالغفور جمعدار، سبز سنگھ ... الہی بخش

حبیب الرحمن نائب منصرم، سید معصوم ... منصرم، منی لال محرر، نظر علی محرر،

جمیل خان تحویلدار، سید احسان علی تحویلدار سامان پلنگ سرکار، بلدیو خلاصی

کنول خانہ ۔ الطاف الرحمن خان منصرم ۔ ۲/ بہاسروپ محرر

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۲۹ فروری سنہ ۱۹۲۴ء

ٹھیکہ جات دیہات و متفرقات کے اشتمال سررشتہ رسالدار صدر مین اسطرح مرتب ہوا کرتے ہین کہ نیلام کی منظوری کے بعد ہر موضع یا ٹھیکہ کے بابت رسالدار صدر ایک روبکار قایم کرکے ترتیب مثل کی ابتدا ڈالتے ہین اور اُسکے بعد نذرانہ بندوبست داخل کراکر تکمیل ضمانت اگر نقدی سے ہو تو زر نقد داخل کراکر اور اگر جائداد سے ہو تو تجویز جائداد کراکر خط و خلد بنامی تحصیلدار پرگنہ کے نام بھیجتے ہین اور جائداد مکفولہ کا اشتہار جاری کرکے دفتر رجسٹری سے دفعہ ۲۰ کے موافق تحقیق کفالت ماسبق کر لیتے ہین ۔ اسکے بعد واصلباقی نویس صدر سے کیفیت بندوبست سابق و آراضی مضبوطہ دریافت کرکے مثل کو آخری رپورٹ سے اجلاس حاکم صاحب صدر مین بھیجتے ہین اور وہان سے دفتر واصلباقی نویس صدر جانچ کراکر ہمارے اجلاس سے اجرائے احکام کی منظوری لیجاتی ہے ۔

دیکھا جاتا ہے کہ یہ کام سررشتہ رسالدار صدر مین اکثر بہت دیر سے ہوا کرتا ہے اور دو دو تین تین سال تک بعض دیہات و ٹھیکہ جات کے مثلین پڑی رہتی ہین اور اکثر ایسا ہی ہوتا ہے کہ مثل بندوبست کی تکمیل کا دوران ختم نہین ہوتا ہے اور نہ تکمیل ضمانت ہونے پاتی ہے کہ مستاجران اوس موضع کو خام کرا دیتے ہین یا میعادی یکسالہ ٹھیکہ جات کی میعاد ختم ہو جاتی ہے اور مثل کا دوران ہی ختم نہین ہوتا ہے ان وجوہ سے اکثر وہ اشتمال بندوبست جو معلق حالت مین رہتے ہین اور ترتیباً داخل دفتر کرائی جاتی ہین تکمیل مثل و کفالت کی کارروائی بھی بعض بعض اوقات قابل اطمینان نہین ہوتی ہے اور جب آخری جانچ واصلباقی نویس صدر سے کرائی جاتی ہے تب اون غلطیون اور فروگذاشتون کے اصلاح کرائی جاتی ہے جنمین بڑی طوالت ہوتی ہے ۔ چونکہ تکمیل بندوبست کا کام نہایت ذمہ داری اور احتیاط کا ہے ۔ لہذا برائے آیندہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ بعد ختم منظوری نیلام کے رسالدار صدر بہنگام ترتیب مثل ہر موضع یا ہر ٹھیکہ کے جو روبکار تیار کرائین وہ اول واصلباقی نویس صدر کے پاس بھیجکر اون روبکارون پر واصلباقی نویس صدر کے دستخط کرا لیا کرین ۔ اور واصلباقی نویس صدر بھی رجسٹرون سے اور نقشہ نیلام و فرد بولی وغیرہ سے مطابقت اور صحت کر تصدیقی دستخط روبکار پر کر دیا کرین ۔ واصلباقی نویس صدر ایک ایسا رجسٹر تیار رکھین جس سے معلوم ہوتا رہے کہ کل اسقدر دیہات ٹھیکہ جات کس جلسہ مین نیلام ہوئے اور انکی روبکار کی تاریخ سررشتہ رسالدار صدر مین مرتب ہوکر کارروائی تکمیل جاری ہوئی اور کب ختم ہوئی تکمیل مثل بندوبست کیلئے تین ماہ کی مدت کافی ہے لہذا تین ماہ کے بعد واصلباقی نویس صدر اپنے رجسٹر سے اہلمدان سررشتہ رسالدار صدر کو بلاکر مقابلہ کرکے یہ انتخاب کیا کرین کہ کسقدر مثلون کی تکمیل ختم ہوکر مثلین روانہ ہو گئین اور کسقدر کن وجوہ سے باقی ہین ۔ باقیماندہ مثلون کے فہرست سررشتہ رسالدار صدر سے مرتب کراکر ہمکو اور حاکم صاحب صدر کو ملاحظہ کرا دیا کرین ۔ آخری جانچ اشتمال کا طریقہ جواب تک جاری ہے وہ بدستور جاری رہے نقول بذا صدر سے جاری ہون و درج گزٹ بھی کیا جائے ۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر ۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

تقرر

۱۳ مارچ سنہ ۱۹۲۴ء

بمنشاء حکم بندگان حضور معلے دام اقبالہم و ملکہم ۔ محمد شمعون خان پسر محمد اکرام خان سکندر ... مستوفی کا تقرر بعہدہ بیند کانسٹبل بمشاہرہ ۔/۷ ماہوار براہ پرورش بوجہ دیرینہ ملازمت محمد اکرام علیخان بجگہ مستوفی زائد از شمول منظور ہوا ۔

علمی ذخیرہ

اعلیحضرت خلداللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہوکر طبع ہو گئی ہین ایسا ذخیرہ مشکل ہی سے ہاتھ آتا ہے اس ذریعہ سے ضرور فائدہ اٹھانا ہے ۔ خود بھی خرید فرماکر بہرہ ور ہو اور احباب کو بھی دکھائیے

قول شافی ۔ یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اردو ترجمہ ہے اسکی عمدگی اسکے نام سے ظاہر ہے جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہے قیمت علاوہ محصولڈاک صرف ۲/ ہے

التوحید ۔ یہ کتاب جامع عادی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہے اسمین خداوند عالم کے وجود و اسکی توحید اور صفات سے مفصل بحث کی گئی ہے اسکی قیمت بھی علاوہ محصولڈاک ۲/ ہے ۔

جسقدر نسخے مطلوب ہون درخواست منصرم صاحب کتب خانہ کی خدمت میں ارسال فرمائے

ذوالفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

مطبوعہ ... مارچ ۱۹۱۶ء جلد ...

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست ... ابتداء ۱۷ لغایت ۲۳ مارچ ۱۹۱۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد				سواد		کیفیت
گندم				۱۰/۸				دیگر تحصیلات کا نقشہ نہیں آیا
نخود خالص				۱۱/۱				
نخود کتہ آمیز				۱۰/۹/۰				
کتہ				۱۲/۱				
اشر				۰				
مونگ				۰				
مکا				۱۳/۱/۰				
جنی				[illegible]				
نخود جنی				[illegible]				
مسر				۰				
ارہر				۰				
برنج				۶/۱/۰				
روغن زرد				۰/۱/۰				
روغن سیاہ				۱۰/۱/۰				
روغن کنجد				۳/۱/۰				
نمک سامبر				۲۰/۱/۰				
نمک لاہوری				۵/۱/۰				
قند سیاہ				۸/۱/۰				
باجرہ				۰				

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست ...